(۲)

نام کتاب : سیرۃ النبی ﷺ البم

مصنف : شاہ مصباح الدین شکیل

ضخامت : ۲۸۲ صفحات ناشر: پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی

پاکستان سٹیٹ آئل (PSO) مشہور کمپنی ہے جس کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ تیل کے کاروبار کے علاوہ وہ بیس کے قریب اسلامی کتب شائع کر چکی ہے۔ یہ تمام کتابیں مستند اور معیاری ہیں۔ ان کتابوں کے سرورق کی تصاویر اس البم کے آخری صفحات میں دی گئی ہیں۔ ان میں ایک کتاب سیرتِ احمد مجتبیٰ ﷺ ہے جو تین جلدوں پر مشتمل ہے اور صدارتی ایوارڈ یافتہ ہے۔

سیرت النبیؐ البم ایک وقیع اور قابلِ قدر تصنیف ہے جس میں اسلامی تاریخ کے نمایاں واقعات کو تصاویر کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔ کتاب کی تزئین و آرائش ناشرین کے عمدہ ذوق اور حبِ نبی ﷺ کا مظہر ہے۔ کچھ تصاویر نایاب اور نادر اور کچھ کمیاب ہیں۔ مصنف نے بڑی جِدّوجُہد کے ساتھ یہ تصویری البم تیار کیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے آباء و اجداد سے لے کر آپ کی پیدائش' حالاتِ زندگی اور مراجعت الی رفیق الاعلیٰ تک کے واقعات مؤثر انداز میں واضح کیے ہیں۔ اس کے علاوہ پچھلی اُمتوں کے حالات اور انبیائے کرامؑ کا تذکرہ بھی ہے۔ تاریخ کے تمام حقائق کو تصویروں کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔ اس شاہکار البم کی اشاعت پر پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی مبارک باد کی مستحق ہے۔

(۳)

نام کتاب : صحابہؓ واہل بیت کرامؓ کے درمیان یگانگت اور محبتیں

مصنف : ابو مسعود عبدالجبار سلفی

ضخامت : ۱۱۹ صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: مدیر مرکز تفہیم القرآن والسنہ جامع مسجد سعد بن ابی وقاصؓ ' چوک حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ 0300-6960093

یہ کتاب ضخامت میں اگرچہ چھوٹی ہے مگر اپنے عنوان کو ثابت کرنے میں حرفِ آخر کا درجہ رکھتی ہے۔

اصحابِ رسولؐ اور اہلِ بیت کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) وہ لوگ ہیں مجموعی طور پر جن کی تعریف قرآن میں مذکور ہے اور رسول اللہ ﷺ کی بشارتیں ان کے حق میں موجود ہیں۔ ان دونوں گروہوں کے درمیان مخالفت بھی ہوئی جو خونی جنگوں پر منتج ہوئی۔ کوتاہ نظر مصنفین نے ایک فریق کو صحیح اور دوسرے کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کی' مگر وہ یہ بات بھول گئے کہ سچے مسلمان بھائی بھی کبھی لڑ پڑتے ہیں اور ہر کوئی نیک نیتی کے ساتھ اپنے آپ کو حق